پردہ کی اہمیت

بنت ارشد

شوکت شان زندگانی نہ رہی
غیرت کی حرم میں پاسبانی نہ رہی
پردہ اٹھا تو کھل گیا اے مسلماں
اسلام میں اب وہ لن ترانی نہ رہی

"یاایھا النبی قل لازواجک وبنتک ونساء المومنین یدنین علیھن من جلابیبھن ذلک ادنی ان یعرفن فلا یؤذین وکان اللہ غفورا رحیما"

یہ بات مسلم ہے کہ دین اسلام عظیم دین ہے اس نے انسانیت کو تباہی و بربادی اور ہلاکت سے بچاتے ہوئے اس صحیح اور سیدھے راستے کی طرف راہنمائی فرمائی اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولاالضالین"

وہ دین جس نے جہاں مرد کو مقام ومرتبہ دیا وہاں عورت کو بھی ایک خاص مقام دیا۔ وہ عورت جس کی کوئی قدر و قیمت نہ تھی اللہ نے آیت میں تمام مومن عورتوں سے خطاب کیا کہ اپنے اوپر بڑی بڑی چادریں ڈال لیں تا کہ تمہیں کوئی پہچانے نہ اور کوئی تکلیف دے۔ اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے۔

آج جن احساسات نے مجھے اس موضوع کو چننے پر مجبور کیا، وہ آج کی عورت کی بے پردگی ہے۔ اسلام وہ دین ہے جس نے مشرق سے مغرب تک انقلاب برپا کر دیا اس نے عورت کو وہ مقام دیا جو پہلے نہ دیا جاتا تھا ایسا معلم جو اس دنیا میں آیا تو اس نے ذلت اور عار کے مقام سے عورت کو عزت کا مقام دیا۔ وہ نبی اکرم ﷺ ہی تو ہیں جنہوں نے باپ کو بتایا کہ بیٹی کا وجود تیرے لیے عار نہیں بلکہ اس کی پرورش اچھی تربیت تجھے جنت میں لے جائے گی۔

"من عال جار یا تن حتی بلغا جاء یوم القیامة انا وھو وضم اصابعه"

جس نے دو لڑکیوں کی بلوغت تک صحیح پرورش کی قیامت کے دن وہ میرے ساتھ ایسے ہوگا آپ نے دونوں انگلیوں کو ملا دیا۔

وہ سرور کونین ہی تو ہیں جنہوں نے شوہر کو بتایا تیری سب سے بڑی نعمت نیک بیوی ہے۔

"الدنیا متاع و خیر متاع الدنیا المراۃ الصالحة"

دنیا کی نعمتوں میں سے بہترین نعمت یہ ہے کہ کسی کو رب نیک بیوی دے۔

مگر افسوس اس زمانے پر ستم تو یہ ہے کہ ہمارے ازلی و ابدی دشمن شیطان نے عورت کو بے پردہ کر دیا۔ اس کی حیاء کو تار تار کر دیا۔ اور عورت اسلام سے نکل گئی عورتوں کو نبی ﷺ کا فرمان کیوں یاد نہیں رہتا۔

"المرأۃ عورۃ فاذا اخرجت استشر فھا الشیطان"

عورت چھپا کر رکھنے کی چیز تھی مگر افسوس صد افسوس کہ عورت جب باہر نکلتی ہے شیطان اس کو مزین کرتا ہے۔ عورت کا طبع فرض نوع انسان کی حفاظت ہے تربیت ہے اس دائرے سے عورت جب باہر نکلتی ہے تو عورت نہیں رہتی۔

ہم کو معلوم ہے کہ ہم کون ہیں ہم کسی نبی کی امت میں ہمیں تو اس دنیاوی زینت کے نشہ نے سرشار کر دیا ہم ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کے چکر میں مدہوش ہیں علم فلسفہ اور انگلش کے علم حاصل کر کے مسلمان کہلوا کر ہم سمجھتی ہیں کہ قوانین الٰہی کے سمندر کو ہم نے طے کر لیا ہم تو ابھی اس کے ایک کنارے پر بھی نہیں پہنچی۔

میری بہنو!

ان قوموں کو دیکھو ان کی نرمی کو دیکھو ان کی کتابوں کے صفحات کا مطالعہ کہ وہ اپنے دین میں کیسے مضبوط ہیں تہذیب و شائستگی میں وہ قوم ایک درجہ رکھتی ہیں مگر ہم نے "فاطر السموات و الارض" کے اٹل قوانین کو جھٹلا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالاً مبینا"

جس نے اللہ اور اسکے رسول کی نافرمانی کی وہ کھلی گمراہی میں ہے۔

مگر ستم تو یہ ہے کہ اس نافرمانی کو ہم نے فیشن کا نام دے دیا۔ آج وہ عورت جس کو اسلام نے مقام دیا اس کی چادر اسکا پردہ کہاں گیا۔ عورت نے اپنے حیاء کو اس

بقیہ صفحہ نمبر 38 پر